اشتہار برائے بھرتی

خیبر پختونخوا ایمپلائمنٹ، ڈیپوٹیشن، پوسٹنگ اور ٹرانسفر آف ٹیچرز، لیکچررز، انسٹرکٹرز اور ڈائریکٹرز ریگولیری ایکٹ 2011ء کے سیکشن نمبر 4 کے تحت محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن خیبر پختونخوا کے زیر انتظام اضلاع کے (مردانہ / زنانہ) سکولوں میں تفصیل ذیل آسامیاں پر کرنے کیلئے خیبر پختونخوا کے متعلقہ اضلاع کے مستقل اہل امیدواروں سے بذریعہ فارم مورخہ 23 نومبر 2020 تک درخواستیں مطلوب ہیں۔ درخواست فارم NTS کی ویب سائٹ (http//www.nts.org.pk) پر دستیاب ہے۔ مقررہ تاریخ گزرنے کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں اور حاصل کردہ اسناد پر غور نہیں کیا جائے گا۔ اور نہ ہی اس کے بعد پیش کی جانے والی دستاویزات اور اعلان شدہ نتائج کو تسلیم کیا جائے گا۔

آسامیوں کیلئے تعلیمی شرائط و عمر کی تفصیل:

نمبر شمار	نام آسامی	قابلیت	عمر
1	سیکنڈری سکول ٹیچر (SST) بیالوجی / کیمسٹری (BPS-16)	کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے سیکنڈ ڈویژن بیچلر ڈگری جس کے ساتھ درج ذیل دو مضامین لازمی ہوں۔ (i) کیمسٹری، بیالوجی (زوالوجی یا باٹنی) سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی ٹریننگ متعلقہ اداروں RITE / PITE سے حاصل کرنی ہوگی۔	19 تا 35 سال
2	سیکنڈری سکول ٹیچر (SST) فزکس / میتھس (BPS-16)	کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے سیکنڈ ڈویژن بیچلر ڈگری جس کے ساتھ درج ذیل دو مضامین لازمی ہوں۔ (i) فزکس، میتھس یا (ii) فزکس، میتھس سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی ٹریننگ متعلقہ اداروں RITE / PITE سے حاصل کرنی ہوگی۔	19 تا 35 سال
3	سیکنڈری سکول ٹیچر (SST) جنرل (BPS-16)	(1) کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے سیکنڈ ڈویژن بیچلر ڈگری بمعہ انگریزی بطور مضمون بمعہ متعلقہ گروپ یا اس کے مساوی گروپ۔ سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی ٹریننگ متعلقہ اداروں RITE / PITE سے حاصل کرنی ہوگی۔	19 تا 35 سال
4	سیکنڈری سکول ٹیچر آئی ٹی (SST-IT) (BPS-16)	(1) کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے سیکنڈ ڈویژن ماسٹر ڈگری کمپیوٹر سائنس یا انفارمیشن ٹیکنالوجی میں یا کمپیوٹر سائنس میں بیچلر ڈگری (BSC/BSCS Honours, 4 Year) یا کمپیوٹر سائنس مضمون کے ساتھ بیچلر ڈگری یا مساوی تعلیمی قابلیت۔ (2) کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے بی ایڈ یا مساوی قابلیت۔ نوٹ: اگر کوئی امیدوار متذکرہ بالا شق نمبر 2 پر پورا نہ اترتا ہو تو تقرری کے 3 سال کے اندر مطلوبہ قابلیت حاصل کرنا ہوگی۔	21 تا 35 سال

سلیکشن کرائٹیریا: اساتذہ کے سلیکشن کیلئے کرائٹیریا درج ذیل ہے۔ کل 200 نمبرات کی تقسیم اس طرح سے کی جائیگی۔

(ا) سکریننگ ٹیسٹ بذریعہ NTS=100 نمبر **(ب) تعلیمی قابلیت=100 نمبر جس کی مزید تقسیم اس طرح ہوگی**

تعلیمی قابلیت	کل نمبر
ایس ایس سی	حاصل کردہ نمبر x20 تقسیم کل نمبر
ایف اے / ایف ایس سی	حاصل کردہ نمبر x20 تقسیم کل نمبر
بی اے / بی ایس سی	حاصل کردہ نمبر x20 تقسیم کل نمبر
ایم اے / ایم ایس سی	حاصل کردہ نمبر x20 تقسیم کل نمبر
بی ایڈ	حاصل کردہ نمبر x05 تقسیم کل نمبر
ایم ایڈ	حاصل کردہ نمبر x05 تقسیم کل نمبر
ایم فل	حاصل کردہ نمبر x05 تقسیم کل نمبر
پی ایچ ڈی	حاصل کردہ نمبر x05 تقسیم کل نمبر

بی ایس چار سالہ کورس کی صورت میں نمبروں کی تقسیم اس طرح ہوگی۔ حاصل کردہ نمبر x40 تقسیم کل نمبر، جبکہ پیشہ ورانہ ایم اے ایجوکیشن کی صورت میں نمبر کی تقسیم بطریقہ ذیل ہوگی۔

ایم اے ایجوکیشن حاصل کردہ نمبر x10 تقسیم کل نمبر (5 نمبر بی ایڈ+5 ایم ایڈ)

نوٹ: (1) ہر آسامی کیلئے ضلع کی سطح پر علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ مرتب کی جائیگی جس میں امیدواروں کے ٹیسٹ کے حاصل کردہ نمبر اور تعلیمی قابلیت کے نمبروں کو جمع کیا جائیگا۔

عمومی شرائط (1) نمبر شمار 1 تا 3 کیلئے تقرریاں حکومت خیبر پختونخوا کے مروجہ قوانین کے مطابق 25 فیصد اور نمبر شمار 4 کیلئے 50 فیصد ابتدائی تقرری Initial Appointment کے کوٹے کے تحت خالصتاً عارضی بنیادوں پر Adhoc / کنٹریکٹ پر ایک سال کیلئے ہوں گی۔ (2) تمام تقرریاں محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن حکومت خیبر پختونخوا کے مقرر کردہ قوانین، پالیسی و طریقہ کار کے مطابق خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر ہوں گی۔ (3) معذور افراد کیلئے دو فیصد کوٹہ مختص ہے جس کیلئے متعلقہ میڈیکل بورڈ کا سرٹیفیکیٹ پیش کرنا لازمی ہے بشرطیکہ وہ معذوری فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ نہ ہو۔ میڈیکل بورڈ کا سرٹیفیکیٹ مقررہ تاریخ کے بعد قابل قبول نہیں ہوگا۔ (4) اقلیت کیلئے پانچ فیصد کوٹہ مختص ہے۔ (5) انٹرویو کے وقت اصل تعلیمی اسناد بمعہ اصل شناختی کارڈ اور ٹیسٹ کے رول نمبر سلپ کا ہونا لازمی ہے۔ (6) انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواروں کو کوئی ٹی اے / ڈی اے نہیں دیا جائے گا۔ (7) ڈائریکٹوریٹ کو اختیار حاصل ہے کہ کوئی وجہ بتائے بغیر کسی بھی وقت کل یا جزوی طور پر انٹرویو منسوخ کرے۔ (8) اگر اس اشتہار کے بعد حکومت وقت کی طرف سے بھرتی کے طریقہ کار میں تبدیلی کی گئی تو سلیکشن کمیٹی اس کے مطابق عمل کرنے کی پابند ہوگی۔ (9) تمام تعلیمی اسناد صرف گورنمنٹ کے تسلیم شدہ اداروں کی قابل قبول ہوں گی۔ (10) اگر کسی امیدوار کی اسناد جعلی پائی گئیں تو اس کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور مستقبل کیلئے اسے سرکاری ملازمت کیلئے نااہل تصور کیا جائیگا۔ (11) نامکمل فارم یا نامکمل معلومات کی صورت میں درخواست فارم خودبخود منسوخ تصور کیا جائیگا جس کیلئے کوئی اپیل منظور نہیں کی جائیگی۔ (12) انٹرویو کیلئے الگ الگ شیڈول جاری کیا جائیگا۔ جس میں ڈاکومنٹس چیک کئے جائیں گے۔ نیز انٹرویو کیلئے کوئی نمبر مقرر نہیں ہے۔ (13) تمام تقرریاں متعلقہ اضلاع کے ڈومیسائل کی بنیاد پر ہوں گی۔ امیدوار کا ڈومیسائل متعلقہ ضلع کا ہونا لازمی ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد ڈومیسائل میں کسی قسم کی تبدیلی قابل قبول نہ ہوگی۔ تاہم بحوالہ بالا ایکٹ 2011 کے سیکشن 4 کے تحت متعلقہ اضلاع میں اہل امیدواروں کی عدم دستیابی کی صورت میں ملحقہ اضلاع کے امیدواروں کو ان کی میرٹ کے مطابق زیر غور لایا جائیگا۔ (14) امیدوار کو اسی سکول میں سروس کرنی ہوگی جو کہ تعیناتی آرڈر میں درج ہوگی۔ (15) درخواست دینے کا طریقہ کار NTS کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ (16) متعلقہ اضلاع کی خالی آسامیوں کی تفصیل درخواست فارم کے ساتھ NTS کی ویب سائٹ پر دی گئی ہے۔ (17) میرٹ پر آنے والے امیدواروں کی اسناد متعلقہ اداروں سے تصدیق کرائی جائے گی جس کے تمام اخراجات امیدواروں کو برداشت کرنا ہوں گے۔ (18) پرائیویٹ (نجی) یونیورسٹیوں کی ڈگریاں ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) سے تصدیق شدہ ہونی چاہئیں۔ (19) محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ تمام خالی آسامیاں یا اس سے کم پر امیدوار بھرتی کرے۔ (20) عدالت کے فیصلے کے مطابق پانچ سکولوں کو درخواست دینے کی شرط ختم کر دی گئی ہے۔ (21) شادی شدہ امیدوار ہر آسامی کیلئے اپنے یا شوہر کے ڈومیسائل میں سے کسی ایک کی بنیاد پر درخواست دے سکتی ہیں۔ نکاح نامہ (بمعہ کمپیوٹرائزڈ) کا اندراج مقررہ تاریخ تک ہونا لازمی ہے۔

INF(P) 4019/20

ڈاکٹر حافظ محمد ابراہیم | ڈائریکٹر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن خیبر پختونخوا پشاور

CS Scanned with CamScanner